حقائق نامہ

محفوظ رہنا

آن لائن محفوظ رہنا اہم کیوں ہے؟

ایسا کرنے سے آپ آن لائن جرم کا شکار ہونے سے بچ سکتے ہیں۔

کچھ غیر محفوظ چیزیں درپیش آسکتی ہیں، ان کے بارے میں ہم کیا کرسکتے ہیں، اس بارے میں سیکھنے سے ہمیں اپنی، گھرانے اور دوستوں کی دیکھ بھال کرنے میں مدد ملے گی۔

اگر میں آن لائن ہونے کے دوران محفوظ نہیں ہوں تو کیا ہوسکتا ہے؟

سائبر بدمعاشی (Cyberbullying)

کچھ لوگ انٹرنیٹ کا استعمال دوسروں کو تنگ کرنے کے لئے کرتے ہیں۔



سائبر بدمعاشی لوگوں کو ٹھیس پہنچاتی ہے۔

کچھ صورتوں میں اس کا نتیجہ مجرمانہ مقدمات کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

کیسے رپورٹ کی جائے

بلاک کردیں اور بدمعاشی کی رپورٹ کریں۔

بدمعاشی کا ریکارڈ اپنے پاس رکھیں اور یہ مواد سوشل میڈیا سروس کو فراہم کریں۔

48 گھنٹوں کے اندر، اگر مواد نہیں ہٹایا جاتا تو ای سیفٹی کے دفتر کو www.esafety.gov.au پر رپورٹ کریں۔

غیرمطلوب رابطہ



آن لائن موجود ہر شخص وہ نہیں ہوتا جس کا وہ دعوی کرتا ہے۔

یہ اہم ہے کہ آپ جانتے ہوں کہ آپ کے بچے آن لائن کس سے بات چیت کررہے ہیں۔

کئی دفعہ بالغ افراد جھوٹ موٹ کسی اور شخص کا دکھاوا کرکے بچے کے ساتھ آن لائن تعلق استوار کرنے کی کوشش کرتے ہیں

اسے ”گرومنگ“ کہا جاتا ہے۔

کیسے رپورٹ کی جائے

آپ کو اس معاملے میں پولیس کو شامل کرنے کی ضرورت ہوسکتی ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ بچہ/بچی فوری خطرے سے دوچار ہے تو ٹرپل زیرو (000) کو کال کریں۔

www.thinkuknow.org.au پر رپورٹ ابیوز (Report Abuse) بٹن کے ذریعے بھی رپورٹ کیا جاسکتا ہے۔

★ ذاتی جنسی مواد شیئر کرنا

کئی دفعہ نوجوان بچے عریاں یا نیم-عریاں تصویریں یا ویڈیوز بناتے ہیں اور انہیں دوسروں کے ساتھ شیئر کرتے ہیں۔ ان میں شامل لوگوں کو سنجیدہ نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور یہاں تک کہ اس کا نتیجہ مجرمانہ مقدمات کی صورت میں بھی نکل سکتا ہے۔

کیسے رپورٹ کی جائے

اگر آپ کو پتہ چلے کہ یہ رویّہ برتا جارہا ہے تو اسے اپنے بچے کے اسکول\ادارے اور\یا مقامی پولیس کو رپورٹ کریں۔

★ غیر مناسب یا غیر محفوظ مواد

انٹرنیٹ پر موجود کچھ مواد غیرقانونی، پریشان کن یا کچھ مخصوص عمر کے لوگوں کے لئے غیر مناسب ہوسکتا ہے۔ غیرمناسب یا غیرمحفوظ مواد میں مندرجہ ذیل شامل ہوسکتا ہے:

- فحاشی عریانی
- تشدد
- انتہا پسندانہ رویّہ
- ایسی سائٹیں جو مجرمانہ اور غیر-سماجی رویّوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں
- توہین آمیز مواد جیسے سوشل میڈیا پر موجود تحریریں، تصاویر یا ویڈیوز
- ایسے چیٹ روم یا بلاگز جو نسل پرستی یا نفرت کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

کیسے رپورٹ کی جائے

توہین آمیز اور غیرقانونی مواد کی تحقیق کے لئے ای سیفٹی کمشنر کو **www.esafety.gov.au** پر شکایات کی جاسکتی ہیں۔

آن لائن موجود شدت پسندانہ اور انتہا پسندانہ مواد کی رپورٹ **www. reportextremism. livingsafetogether. gov.au** کو کی جاسکتی ہے۔

آن لائن محفوظ رہنے کے بارے میں ThinkUKnow کی اہم ترین تدابیر

- انٹرنیٹ پر صرف ان لوگوں سے بات کریں جنہیں آپ جانتے ہیں اور جن پر آپ اعتماد کرتے ہیں، اور کسی بھی ایسے شخص سے ذاتی طور پر نہ ملیں جس سے آپ صرف آن لائن ہی 'ملے' ہیں۔
- کسی دوسرے شخص کے بار ے میں انٹرنیٹ پر کچھ پوسٹ کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچیں۔
- تعلقات کو باعزت رکھیں۔
- آپ یا آپ کے بچے جن سائٹس پر جاتے ہیں ان کے بارے سیکھیں کہ انہیں کیسے بلاک کیا جاسکتا ہے یا ان کے بارے میں رپورٹ کیسے کی جاسکتی ہے۔
- صحت اور بہبود کی خدمات کی ایک لسٹ اپنے پاس رکھیں تاکہ بوقت ضرورت آپ کے بچے مزید مدد کے لئے ان تک رسائی حاصل کرسکیں۔

مزید معلومات اور تدابیر کے لئے **www.thinkuknow.org.au** پر جائیں!

بچوں کی ہیلپ لائن

1800 55 1800

Kids Helpline 1800 55 1800

@ThinkUKnow_Aus

facebook.com/ThinkUKnowAustralia

www.thinkuknow.org.au